(Youth parliament ) 4A.......06-02-2010.

**Mr Deputy Speaker:** This House is of the opinion that effective negotiations with the militants must be ensured and a new anti terrorism strategy must be formulated to ferret out a peace formula and uproot terrorism from Pakistan . All those in favour of it may say AYES and all those against it may says NOES. میرے خیال میں آپ اپنی اپنی سیٹیوں پر کھڑے ہوجائیں ۔ All those in favour of it اپنی سیٹوں پر کھڑے ہوجائیں ۔

(گنتی کی گئی)

**Mr Deputy Speaker:** Please sit down. Resume your seats now. ہمارے پاس 22 ہیں NOS میں اور 17 ہیں AYES میں ۔ so the Resolution is rejected.

**An honourable member:** Mr Speaker, there might be.......

جناب ڈپٹی سپیکر ، پلیز آپ نہیں بول سکتیں اس کے بعد ، جب Resolution ہاؤس میں put کر چکیں ۔ Please sit down. The next Resolution is by Bilal Jamaee and Mr Khizer Pervaiz . Now there is a Bill that will be introduced in the House by the Prime

Minister. Honourable Prime Minister.

جناب رانا عمار فاروق ( وزیر اعظم ) : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔
جیسا کہ ایوان کو یاد ہوگا میں نے آپ سب کے سامنے وعدہ کیا تھا ۔ کہ ایک
18th Amendment پیش ہوگی جس میں provincial autonomy سے
related issues کو address کیا جائے گا ۔ Order of the Day میں
اور کچھ technical وجوہات کی وجہ سے تھوڑی سی تاخیر ہوئی ہے مگر یہ پہنچ گیا
ہے ۔ اس کو میں پہلے پڑھوں گا پھر اس کے بعد میں اس کے effects explain
کرنا چاہوں گا کہ ان amendments کی effects کیا ہیں اور یہ ہیں کیا یہ
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ Constitution (Eighteenth Amendment)

Youth Act, 2010

A Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

WHEREAS it is expedient further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. Short title and commendement:

(1) This Act may be called the Constitutuion (Eighteenth Amendment) Youth Act, 2010.

(2) It shall come into force at once.

2. Amendment of Article 1 of the Constitution:

In the Constitution, in Article 1, for the words "Punjab and Sind" the words "Punjab, Sind and Gilgit-Baltistan".

3. Substitution of Article 142 (b) of the Constitution:

In the Constitution, for Article 142 (b), the following shall be substituted, namely:

"(b) A provincial assembly shal have power to make laws with respect to any matter not enumerated in the Federal Legislative List, for such areas as are included in the province."

4. Amendment of Article 142(c) of the Constitution:

In the Constitution, in Article 142(c), for the words "either the Federal Legislative List or the Concurrent Legislative List" the words "the Federal Legislative List"

5. Omission of Articles 246-247 of the Constitution:

In the Constitution, Article 246-247 shall be omitted.

6. Omission of Concurrent Legislative List from PART II of FOURTH SCHEDULE of the Constitution:

In the Constitution, the Concurrent Legislative

list from PART II of FOURTH SCHEDULE shall be omitted.

7. Amalgamation into the North West Frontier Province:

Tha the former states of Amb, CHitral, Dir and Swat (which includes Kalam), the Tribal Area in Kohistan district, Malakand Protected Area, the Tribal Area Adjoining Mansehra District and the former State of Amb shall be amalgamated into the North West Frontier Province as administrative districts of the province, indiscriminate from other parts of the province, in every sense and meaning contained in the Constitution.

That the Tribal Areas adjoining Peshawar, Kohat, Bannu and Dera Ismail Khan Districts and; Bajaur Agency, Orakzai Agency, Mohmand Agency, Khyber Agency, Kurram Agency, Norther Waziristan Agency and South Waziristan Agency shall be amalgamated into the North West Frontier Province as administrative districts of the province, indiscriminate from other parts of the province, in every sense and meaning contained in the Constitution.

8. Amalgamation into Baluchistan:

That Zhob district, Loralai District, Dalabandis

Tehsil of Chagai District and Marri and Bugti tribal territories of Sibi district shall be amalgamated into Baluchistan as administrative districts of the province, indiscriminate from other parts of the province, in every sense and meaning contained in the Constitution.

9. Revocation of the FCR:

That the Frontier Crimes Regulation 1901 (FCR) shall be repealed.

Statement of objects and reasons:

اچھا اب یہ explain کررہی ہے کہ یہ جو articles amend کیے جارہے ہیں
ان کی تبدیلی سے Constitution میں کیا فرق آرہا ہے ' اس کو پڑھنے کے بعد
میں اس کو تفصیلاً آپ کو explain بھی کرتا ہوں ۔

This Bill seeks to amend Articles 1, 142, 246-247 and the Frontier Crimes Regulation 1901 as under:-

(a) Article 1 is sought to be amended to add Gilgit-Baltistan as a federating province of the Republic, in recognition of the citizenship of its people, distinguished from the status of the people of Azad Jamu and Kashmir, as stated in the decision of 1999 SCMR 1379.

Article 1 جو ہے وہ deal کرتا ہے کہ پاکستان کے federating units
کیا ہیں ' basically یہ فہرست ہے ہمارے چار صوبوں کی ' اور اس فہرست میں

گلگت بلتستان کا نام بھی شامل کردیا گیا ہے اور جو judgement mention کی گئی ہے اس judgement میں یہ declare کیا گیا تھا کہ گلگت بلتستان کے تمام لوگ ' اس میں بسنے والے پاکستان کی Republic ریاست کے شہری ہیں - یہ اس لئے اہم ہے mention کرنا کیونکہ سپریم کورٹ کی دوسری decision میں کہا گیا ہے کہ آزاد جموں وکشمیر کے لوگ پاکستان کی Republic کے citizens نہیں ہیں - اس لئے جہاں ان کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ autonomous rule کریں ' گلگت بلتستان کے لوگوں کو citizenship ہونے کے باوجود ان کے حقوق نہیں مل رہے جو Constitution کو ensure کراتا ہے - اس لئے ان کا صوبہ بننے سے ہی Constitution ان کی citizenship right fully طور پر award کر سکتا ہے Article sub b. 142 (b) is sought to be amended to grant federating provinces the autonomous right of legislating upon all isues, within its areas, not enumerated in the Federal Legislative List. Basically 142 (b) originally یہ کہتا تھا کہ province ہر اس مسئلے پر legislate کرسکتا ہے جو concurrent list میں موجود ہے اور جو اس کے علاوہ ہے اور اس کو اب تبدیل کرکے اس طرح کردیا گیا ہے کہ consurrent list کو ختم کردیا گیا ہے اور فیڈرل لسٹ کے علاوہ باقی ہر چیز پر province legislate کرے گا اور شرط یہ ہے اس کی کہ وہ اس کی جغرافیائی حدود کے اندر کے امور ہیں تو اس پر وہ legislate کرسکتا ہے اگلا ہے جی sub C. Article 142 (c) is sought to be amended to restrict the Federation from legislating for the province on any issue not enumerated in the

فیڈریشن Federal Legislative List. اب 142 (c) originally یہ کہتا تھا کہ
ہر اس امر پر legislate کر سکتی ہے جو ایک Federal Legislative List
میں ہو اور دوسرا concurrent legislative list میں بھی ہو ۔ اس کو بدل
کر اب یہ کردیا گیا ہے کہ concurrent list تو ختم ہوگئی ہے ۔ اب آپ
صرف Federal Legislative List پر legislate کر سکتے ہیں اس کے
علاوہ نہیں ۔ اب اس میں اگر کوئی شک و شبہ آتا ہے کہ اس کی پاور بہت زیادہ
limited تونہیں ہورہی ۔ تو اسی کے آگے Constitution میں آرٹیکل یہ کہتا
ہے کہ province ایک تو اپنی مرضی سے فیڈریشن کو پاور دے سکتا ہے اگر
legislation کی ضرورت پڑے اور دوئم یہ کہ وہ علاقے جو کسی province
کے حدود میں نہیں آتے directly اگر فیڈریشن میں آ رہے ہیں کسی طرح سے
تو اس کے تمام معاملات automatically Federation ہی legislate
کرے گا ۔ تو basically یہ بہت clearly define کر دیا گیا ہے ۔ اور
Constitution میں Schedule 4 کا جو Part One ہے اس کو repeal
نہیں کیا گیا ۔ جو Federal Legislative List ہے ۔ یہ بہت لمبی فہرست ہے
اس میں کمیونیکیشن ، کرنسی ، ڈیفنس اور Foreign Affairs سے related
تمام معاملات کی تفصیلی فہرست ہے ۔ Sub (d) Articles 246 to 247 are

proposed to be omitted to abolish the discriminatory sttus of

the Tribal Areas and their limited relationship with the

federation, in anticipation of their amalgamation into federating

provinces under all rights enshrined in the Constitution. چھا

Article 246 اور 247 کا یہ effect آتا ہے ' یہ basically یہ بتاتے ہیں

کہ Tribal Areas میں کیا ' ان کا خاص رول کیا ہے ' پریزیڈنٹ اور گورنر
کی جو خصوصیت ہے ہمارے ملک میں ' وہ تمام ان basically Tribal Areas
دو آرٹیکلز میں لائی گئی ہے ' اور ٹرائیبل ایریا میں جو گورنمنٹ سسٹم ہے وہ انہی دو
آرٹیکلز کی extension ہے ۔ جب ہم ان کو repeal کردیتے ہیں ' ان کو
Constitution سے نکال دیتے ہیں تو ٹرائیبل ایریاز میں اور پاکستان کے باقی
صوبوں میں فرق خود بخود ختم ہوجاتا ہے اور جیسا کہ اوپر main operative
Clause No 7 میں آگیا ہے اس کو ویسے ہی ہم نے amalgamate کردیا
ہے North West Frontier Province تو سارے قوانین جو NWFP میں
apply کررہے ہیں وہ automatically FATA میں چلے جائیں گے اور جو
اراکین سوچ رہے ہوں کہ کیا Political Parties Act بھی apply کرے گا
تو تمام قوانین A to Z Penal Code, Parties Act جو کچھ بھی ہے وہ تمام
فاٹا تک ویسے ہی لاگو ہونگے جیسے NWFP کے کسی بھی علاقے ہورہے ہیں ۔

Sub (e). The FCR is proposed to be repealed to establish the rule of law under the Constitution to all areas of the Republic, without excepttion, and in anticipation of the implementation of federal and rèspective provincial legislation. FCR پہلی دفعہ
پیش کیا گیا تھا 1848 ء میں ۔ پھر یہ دو دفعہ review ہوا ہے ۔ ایک دفعہ
1872ء میں پھر 1885ء میں ۔ اس کے بعد final جو ہمارے version ہے وہ
1901ء میں آیا ۔ اب سسٹم وہی ہے اس میں تھوڑی بہت آپ change
کرتے رہے ہیں لیکن idea basically crux سے آجاتا ہے کہ آپ نے ایک
سپیشل لاء بنایا ہوا ہے کیونکہ لوگ بے چارے بارڈر کے ساتھ رہتے ہیں اور آپ رولز

آف لاء ان کو نہیں دے رہے اور آپ پاکستان کی soverignty کی ان کی rights ان کو نہیں deliver کر رہے تو یہ تو اس زمانے میں British کے لیول میں انیسویں صدی کے حساب سے بھی بہت دقیانوسی قانون تھا۔ تو آج کے معاشرے میں اس کی بالکل بھی جگہ نہیں ہے۔ اس لئے اس کو فارغ کردیا گیا ہے۔ The Bill seeks to achive the aforesaid subjects. تو اس کے نتیجے میں، میں اگر آپ کو review دوں تو basically یہ ہوا ہے کہ گلگت بلتستان کو صوبہ بنا دیا گیا ہے، تمام Tribal Arreas جو special status میں تھے ان کو بلوچستان یا NWFP میں ضم کردیا گیا ہے، ایف سی آر کو ختم کردیا گیا ہے، جیسے لکھا ہوا ہے کہ فیڈرل اور تمام صوبائی قوانین کا ان پر اطلاق ہورہا ہے فوری طور پر اور concurrent list کو ختم کر کے provinces کو autonomy دے دی گئی ہے۔

جناب محمد عادل، پوائنٹ آف آرڈر سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر، جی فرمائیں۔

جناب محمد عادل : سر ایک تو یہ ہے کہ پہلے جو ووٹنگ ہوئی ہے اس میں اصول یہ نہیں دیکھا گیا ہے جو لوگ اس کی favour میں تھے ان لوگوں کو تو دیکھ لیا گیا ہے کہ کتنے ہیں۔ اور جو لوگ اس کے against تھے۔ کچھ لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جو ووٹ اپنا کاسٹ نہیں کرنا چاہ رہے۔ دوسرا یہ کہ شاید کل announcement یہ ہوئی تھی کہ بل جو ہے وہ Saturday کی بجائے Sunday کو پیش ہوگا، تو کہنے کا مقصد یہ ہے کہ پتہ نہیں کتنے لوگ اور ہونگے بہر حال اس حوالے سے میرے ذہن میں تھا کہ چونکہ Sundy کو ہوگا تو اس کو آج سٹڈی کرنے کا میرا پروگرام تھا۔ بہر حال جو بھی ہے، لیکن شاید کل ایوان

میں یہی decide ہوا کہ یہ Sunday کو بل ایوان میں لایا جائے گا ۔

جناب ڈپٹی سپیکر : بہت شکریہ ۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ جو بل پیش کیا گیا ہے ' یہ آنریبل پرائم منسٹر اور آنریبل لیڈر آف اپوزیشن کے consensus سے پیش کیا گیا ہے ' اور اس پر جو further debates ہونگی جو amendments ہونگی وہ کل ہونگی جو ڈسکشن ہوگی وہ کل ہوگی ۔ اب میں دوسری Resolution کی طرف آؤں گا ۔ جی آنریبل لیڈر آف اپوزیشن ۔

جناب لہراسپ حیات ، میں یہ clear کرنا چاہوں گا کہ تھوڑے جو Rules and Regulations ہیں وہ ٹھیک ہے وہ لکھا ہوا ہے rules of procedure میں ' لیکن ہم چاہتے تھے دونوں پارٹیاں کہ کچھ ایسا کیا جائے کہ جو سامنے نظر آئے کہ یوتھ پارلیمنٹ کا یہ output ہے تو اس وجہ سے ٹھیک ہے صبح آیا ہے ' صبح شامی صاحب نے بات کی تو میں نے کہا کہ اس کو include نہ کریں لیکن ابھی ہم نے کہا کہ اس کو lay کر دیں ہاؤس کے سامنے ' صبح اس پر ڈسکشن بھی ہوجائے گا جو procedure define کرنا ہوگا وہ بھی ہوجائے گا تاکہ ٹائم بچایا جائے ہاؤس کا ' شکریہ ۔

جناب ڈپٹی سپیکر ، بہت بہت شکریہ ۔ اب میں آتا ہوں Resolution کی طرف I will request Mr Bilal Jamee to move the Reslution.

جناب بلال جامعی ، سر میرے ساتھ خضر پرویز صاحب بھی اس کو پیش کریں گے ۔ تو میں بزرگی کے احترام میں چاہتا ہوں کہ وہ اس کو پہلے پیش کریں ۔

جناب ڈپٹی سپیکر ، جناب خضر پرویز ۔

جناب خضر پرویز ، بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ۔ Thank you

اور شکریہ بلال جامی صاحب آپ نے مجھے اس قابل Honourable Speaker.

تو مانا کہ میں آپ سے بڑا ہوں میری عزت بھی اس لحاظ سے کیجئے گا۔ میں یہ

Resolution پیش کرتا ہوں ہاؤس کے سامنے ' آپ کی اجازت سے اس میں

سے ایک چھوٹا سا word میں نے change کیا ہے۔ تو I will inform

you and the House accordingly. The House is of the Opinion

that present government issued too much licences of of

weapnons of prohibited bore. آپ کے پاس جو ہے اس میں لکھا ہو گا

اس میں لکھا ہوگا unauthorised, that has been changed to prohibied.

Government should review this policy because it ill not serve

the underlying purpose of maintaining law and order, in the

long run. میں اس کے اوپر سب سے پہلے define کرنا چاہوں گا کہ

prohibited bore weapons اور non prohibited bore weapons

کونسے ہوتے ہیں - prohibited bore weapons ہوتے ہیں weapons

large ones like Klashnikoves and MP5s, G3s and Oozees یہ جو

بڑے weapons ہوتے ہیں اور non prohibited bore weapons ہوتے

ہیں چھوٹے weapons like pistols and guns. This is just for the

reference to clear you out کہ ان دونوں میں difference کیا ہے -

میں بات کروں گا پہلے پارٹ پر جس کے اندر یہ mention ہے کہ بہت زیادہ

لائسنسز ایشو ہوچکے ہیں اس present government میں تو اس حوالے سے میں

بات کروں گا کہ talking about the recent Government میں کوئی

statistics پیش کروں گا آپ کو - According to the list submitted

in the National Assembly in January 2010, the Ministry had issued 29 thousand licences of both prohibited and non prohibited weapons since 2008 when the PPP came into power. But on the other hand, in Daily News, it emerges that a staggering one lakh thirty nine thousands arms licences have

present جبکہ been issued in the country in the past 21 months

came to power, generating Rs 20 billion آئی تھی Government

for arms merchant. بات یہ ہے کہ جو لائسنسز ایشو ہوئے ہیں ۔ کہا یہ جارہا

they have been issued without any police verification or ہے کہ

اس پر میں an official check on the background of the applicants

دوتین چیزیں اور highlight کروں گا جو نیوز کے اندر اور جو دوسرے چینلز پر

issuance of about 15 thousand fake arms licences in آئی ہیں کہ

the name of Parliamentarians have been disclosed, this was in

the NEWS in again January 2010 ڈان کے اندر ۔ ایک اور چیز

highlight کروں گا issuance of weapons کے حوالے سے کہ

Pakistan authorities have issued over 86 licences prohibited weapons to a security company which has been hired by the

US Embassy in Islamabad. انٹر رسک اس کا نام ہے ۔ انٹررسک پرائیویٹ

لمیٹڈ، Interior Ministry sources revealed that the licences were issued to Inter Risk following the Prime Minister Yousuf Raza Gillani's approval. According the private television, Express

News, the highly sophisticated weapons have been imported

آٹھ لاکھ from the US and each of them cost eight lakh Rupees

روپے کے یہ weapons امپورٹ کیے گئے ہیں US سے ۔ خیر اس بات پر ابھی

انٹرسک والوں کی کلاس ہورہی ہے اور وہ prosecution face کررہے ہیں

اس چیز پر جو recently پتہ چلا ۔ ایک دو اور چیزیں highlight کروں گا

statistics کے حوالے سے کیونکہ بات issuance of licence پر ہورہی

ہے کہ the country Deputy Minister for Interior تسنیم قریشی

صاحب کے پاس سے برآمد کیا نیوز والوں نے جب چیکنگ کی تو 250

prohibited arms licences have been issued in his own name یہ

ڈیلی نیوز کی خبر ہے دسمبر 2009ء کی ۔ اس کے علاوہ Information Minister

Qamar Zama Kaira got about 135 arms licences issued in his

name alone. یہ بھی اسی نیوز کے اندر mention ہوا ہے ۔ بات میں یہ

کرنا چاہوں گا کہ یہ تو میں نے آپ کو سارے statistics بتا دیے پاکستان

کے حوالے سے کہ ابھی تک کتنے لائسنسز ایشو ہوئے ہیں اس present

Government کے اندر ۔ اب میں بات کروں گا کہ سب سے زیادہ لائسنسز کہاں

پر ایشو ہوتے ہیں جو میری ریسرچ ہے ۔ that Sind Government has

issued more than 85 thousand licences in the last five years

since 2003 and mostly have been issued to the citizens of

Karachi. اس کے اندر ایک کوٹہ ہے that Sind Home Department

has fixed a quota of 200 licences each for each district and

same rule applies throughout the provinces. پنجاب کی بات کروں

گا کہ جولائی 2009ء کے اندر پنجاب گورنمنٹ نے بھی lift کر لیا ban, arms licences سے انہوں نے بھی کہا کہ آپ دے سکتے ہیں اور ہمارا جو پاکستان کا arms ordinance ہے 1965ء کا ۔ وہ پورے پاکستان کو cover کرتا ہے except the Tribal Areas یعنی ٹرائیبل ایریاز میں آپ کو لائسنس وغیرہ کی ضرورت نہیں ہے آپ ویسے ہی گن وغیرہ رکھ سکتے ہیں ۔ کوئی مسئلہ نہیں ۔ اب گورنمنٹ نے اس پر کیا کیا کہ جو ہمارے انٹیریر منسٹر ہیں اور ہماری جو پولیس ہے وہ اس پر کیا کام کررہی ہے اس پر تھوڑی سی highlight کروں گا کہ جو ہمارے انٹیریر منسٹر ہیں رحمان ملک ' ان کا together with the Standing Committee on Interior عبدالقدیر پٹیل سے انہوں نے کہا کہ the Government wanted to abolish the arms culture from the country because if civil war takes place in future, then it would be difficult for the Government to control it. This was in January 2010 انہوں نے یہ address کیا تھا ۔ ساتھ ہی ساتھ انہوں نے ایک اور چیز add کی جو کہ ایک سکینڈل ابھی چل رہا ہے اسی arms licences کے اوپر ۔ کہ Interior Minister Rehman Malik has said that upto 125 thousand bribes are received for the grant of prohibited bore weaponary licence. FIA has started investigation into this scandle. تو یہ تھی کہ جو گورنمنٹ رحمان ملک صاحب اور جو present Government ابھی کررہی ہے ۔ میں سندھ کی اس پر تھوڑی سی بات کروں گا اور conclude کروں گا کہ وہاں کے جو ہوم منسٹر ہیں ہمارے ڈاکٹر ذوالفقار مرزا ۔ انہوں نے ابھی جنوری میں کہا کہ بھئی جو ان کے province میں جو

بھی ہے وہ سمجھتے ہیں کہ پاکستان میں کھلے عام licences distribute کرنے
چاہیے کیونکہ وہ سمجھتے ہیں کہ that is better ان کی جو بات ہے وہ میں
quote کروں گا کہ Sind Home Minister, Dr Zulfiqar Mirza has
said that arm licence should be issued to everyone if the
country cannot be cleared of illegal arms over the political
interference. The Home Minister is authorised, according to
him, the Home Minister is authorised to issue unlimited
number of licences while the Home Secretary can issue 200
licences. اس کے اندر companies کو segregate کیا گیا ہے کہ
وہ acquire کر سکتے ہیں سو لائسنسز اور while fifty licences can be
issued to Defence Personnel. ایک اور مزے دار بتاؤں کہ کسی خاتون
نے جو وہاں پر رپورٹر بیٹھی ہوئی تھیں انہوں نے سوال کردیا کہ when a
woman member asks if there was a different criteria for men
and women who wanted to get the arms licences issued, Dr
Sahib said, Dr Zulfiqar Mirza, that the criteria is the same for
both genders but I can provide free cost licences alongwith
weapons to women if they apply. یعنی عورتوں کے لئے یہ ہے کہ وہ
free of cost weapons لے سکتی ہیں یعنی کوئی بھی تخریب کار جا کر
**** یا کوئی بولے کہ مجھے BAZOOQA چاہیے تو وہ اس کو فری مل جائے
گا without any cost اور وہ پھر کھلے عام اس کو لے کر پھرے گا۔

جناب خضر پرویز: یہ بھئی اس کے اندر کہا گیا ہے اس میں شیم شیم

کی کوئی بات نہیں ہے ۔ جو ہے وہ میں آپ کو statistics بتا رہا ہوں ، شیم
شیم ایسے ہی کہہ رہے ہیں ۔ خیر anyway تو یہ جو ان سے سوال کیا گیا ' ایک اور
چیز ان سے پوچھی گئی تو وہ بولے کہ I have issued non stop arms

licences, answering a question Dr Zulfiqar Mirza said that the

law and order situation has improved in province and police

has regained public trust, hence it is OK to issue non stop

arms licence یہ انہوں نے بات کی

**** (بحکم جناب ڈپٹی سپیکر کارروائی سے حذف کردیا گیا)

ہے چھ دن پہلے ۔ یہ ایشو کردیے جائیں کیونکہ سندھ کے اندر حالات بالکل صحیح ہوگئے
ہیں ۔ کل دھماکہ ہوگیا وہاں پر بائیس افراد شہید ہوگئے ہیں تو یہ کونسی حالت صحیح
ہوئی ہے وہ کہہ رہے ہیں کہ سب کچھ non stop کھلے عام وہ دے دیے
جائیں ۔ ہمارے پاکستان کا جو آرم آرڈیننس ہے 1965 states it clearly, not

to keep any arms or carry any arms without a valid licence میں

اب اس Resolution کو آگے پاس کروں گا بلال جامی صاحب کو ۔ یہ میں نے
آپ کو statistics بتا دیے ۔ اب بلال جامی صاحب کو pass کروں گا جو
کہ بتائیں کہ گورنمنٹ کی کیا پالیسی ہونی چاہیے in order to totally
eliminate کہ اس طرح کی کوئی چیز سامنے آئے ۔ تو pass کرتا ہوں بلال
جامی صاحب کو وہ پلیز اس پر بات کرے ۔

جناب ڈپٹی سپیکر ۔ اب بلال جامی صاحب گل ہائے سخن بکھیریں گے ۔

جناب بلال جامی : شکریہ جناب سپیکر ' ابھی جس شخص کا بہت زیادہ
ذکر کیا گیا ' خسر صاحب نے بہت زیادہ کیا ' میں سب سے پہلے تو یہ مطالبہ کرتا

ہوں اپنی قرارداد کو پیش کرنے کے ساتھ ساتھ کہ اس کو فی الفور ان کے عہدے سے ہٹا کر ایک ٹرائیل پر لے لیا جائے ' کیونکہ وہ جس طرح اسلحے کی ترویج کی کوشش کررہے ہیں اور ان کے بیانات پاکستان کو توڑنے کے حوالے سے ' مجھے تو یہ لگ رہا ہے کہ یہ وہ غیر ملکی ایجنسیوں کے آلہ کار ہیں اور پاکستان کو توڑنا چاہتے ہیں ۔ کیونکہ اسلحہ کے لائسنس کے اجراء کے حوالے سے ان کے بیانات جو کہ بہر حال fact ہے اور ایک حقیقت ہے اور اس کے علاوہ اس طرح یہ لائسنس دے رہے ہیں ' اور جس قسم کی گفتگو یہ کررہے ہیں جو بیان یہ دے رہے ہیں کہ ملک کو توڑنے چلے تھے ' تو اس حوالے سے تو ان کو فی الفور ٹرائل پر لیں ۔ دوسری چیز جناب سپیکر کہ جو اعداد و شمار خصر صاحب نے دیے ہیں میں ذرا اس کی معاشرتی اور سماجی جو اثرات ہوتے ہیں اس پر بات کرنے کی کوشش کروں گا۔ پچھلے بیس ماہ میں موجودہ حکومت نے تیس ہزار لائسنس جاری کیے ۔ تیس ہزار لائسنس جناب سپیکر بہت بڑی تعداد ہے ۔ میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں جناب سپیکر کہ اس میں سب سے بڑا جو عنصر ہے وہ ہے کرپشن ۔ یہ جس حکومت نے تیس ہزار لائسنس جاری کیے ہیں ' ان کی سوچ سے اس بات کی عکاسی ہوتی ہے کہ جب ان کی حکومت آتی ہے تو یوں محسوس ہوتا ہے جیسے انھوں تے کوئی قلعہ فتح کیا ہے اور ایک دروازے سے داخل ہوکر لوٹ مار کرکے دوسرے دروازے سے نکل جانا ہے یعنی ہمارے وفاقی اداروں کو برباد کرنا اور اس کے علاوہ یہ لائسنس جو ہیں جناب سپیک یہ تو ہمارے پاس ایک فگر ہےتیس ہزار کا ۔ یہ فی لائسنس ایشو کرانے کے پیسے بھی لیے گئے ہیں ناجائز سطح پر ۔ تو یہ کروڑوں روپے کی کرپشن ہے ۔ دوسری بات یہ کہ ہمارے ہاں جو سیاسی نظام ہے ' اس میں جو سیاسی ورکر ہے وہ بڑا نااہل سیاسی ورکر ہے ۔ وہ نظریاتی ہونے کے علاوہ اس میں جذباتی عنصر اس میں

بہت زیادہ ہے ۔ اور اس میں المیہ یہ ہے کہ جو لائسنس ایشو کیے جاتے ہیں وہ سیاسی ورکرز کو ایشو کیے جاتے ہیں اس سے ہماری جو امن وعامہ کی صورتحال ہے اس کو خطرہ لاحق ہوتا ہے ۔ ایک چیز یہ بھی مد نظر رکھ لیں ۔ دوسری بات کہ لائسنس کا اجراء کرکے آپ ہر فرد جو طاقت کا حصول چاہ رہے ہیں اور آپ اس کو لائسنس دے رہے ہیں کہ جاؤ اب تم خود اپنی قسمت کے مالک ہو ۔ دوسرا اگر آپ مہذب تناظر میں دیکھیں تو یہ حکومت پر عوام کا عدم اعتماد ہے ۔ اگر حکومت لائسنسز اسی طریقے سے جاری کرتی رہے گی تو تین چیزوں صحت ، تعلیم اور امن و امان یہ ہر فلاحی ریاست کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ اپنے شہریوں کو فراہم کرے ۔ تعلیم اور صحت تو ہمارے ہاں بہت حد تک نجی شعبے میں چلی گئی ہے اب یہ جو ہماری امن و امان کی صورتحال ہے اس میں بھی آپ نے ہر فرد کو اپنی حفاظت کا ذمہ دے دیا ہے اس کا مطلب ہے کہ آپ کی رٹ تو ہے ہی نہیں ۔ اب تو جو آدمی آرہا ہے وہ کہہ رہا ہے مجھے تحفظ چاہیے اس کے ہاتھ میں آپ گن دے رہے ہیں کہ اپنا تحفظ خود کرو تو پھر آپ کیا کر رہے ہیں ۔ ایک جملہ اور بہت زیادہ گردش کرتا ہے کہ جناب نجی فوجیں بنائی جارہی ہیں ۔ یہ بھی ایک حقیقت کی عکاسی کرتا ہے کہ یہ نجی فوج کا تاثر دیتا ہے کہ ایک ایک فرد کے نام تین تین سو لائسنس ایشو کیے جاتے ہیں ۔ ایک طرف آپ اسلحہ لینے کی جدوجہد کر رہے ہیں ، اور ان لوگوں سے جن کا tradition ہے جن کی روایت ہے اسلحہ ۔ کہ وہ ان کے ساتھ رہتا ہے اور وہ اسلحہ ان کی پہچان بن چکی ہے تو ان سے تو آپ اسلحہ لینے کے درپے ہیں اور دوسری طرف ایسے لوگ کہ جو اسلحہ اٹھا بھی نہیں سکتے ، کراچی کے افراد 42Kg والے ، ان کو آپ اسلحے کے لائسنس دے رہے ہیں ۔ دوسری طرف جناب سپیکر آپ دیکھیں کہ آپ کے ملک میں غربت افلاس ، نا انصافی یہ ایسے مسائل ہیں جناب

سپیکر کہ اگر آپ اسلحے کو اس طرح عام کردیں گے تو لوگ اپنے فیصلہ کرنے خود نکل جائیں گے ۔ غربت کی وجہ سے بھی اسلحے کا انتظام ہوگا ۔ افلاس کی وجہ سے بھی ہوگا ۔ نا انصافی ' قانون کی بالادستی نہیں ہے اس سطح کی جو ہونی چاہیے ' اس کی وجہ سے بھی استعمال ہوگا ۔ انصاف کی فراہمی اس طرح سے نہیں ہورہی اس کی وجہ سے بھی استعمال ہوگا ۔ دوسری بات یہ کہ کراچی کی صورتحال آپ کے سامنے ہے کہ کتنا زیادہ ہم برداشت کررہے ہیں کہ کراچی میں کس قدر یہ سٹریٹ کرائمز ' جو راہ گیروں سے راہ میں چیزیں لوٹی جاتی ہیں وہ بھی یہ ہے کہ اسلحہ آپ نے دے دیا لوگوں کو ' اس کے علاوہ ایک تو یہ لائسنس والا اسلحہ ہے ۔ دوسرا غیر قانونی اسلحہ ہے ۔اس کی بھی کوئی جانچ پڑتال نہیں ہے کہ کون کہاں سے لا رہا ہے اور کس کے پاس کدھر سے آرہا ہے ۔ ہر کارکن کے پاس اسلحہ ہے اور میں یہ چاہتا ہوں جناب سپیکر کہ جو آپ نے تیس ہزار لائسنس کم و بیش اس حکومت نے جاری کیے ہیں ۔ ان کو فی الفور کینسل کیا جائے ۔ ازسر نو اس کو دیکھا جائے اور جو valid ہیں ' جو جائز ہیں ان کو آپ دوبارہ ایشو کریں ۔ لیکن سب سے پہلے یہ جو لائسنسز آپ نے دیے ہیں ان کو کینسل کرکے آپ وہ اسلحہ لوگوں سے لے لیں ۔ کیونکہ یہ کرپشن کی بنیاد پر جاری کیے گئے ہیں ۔ تو اس بات کو کراچی کی جو صورتحال ہے ' کیونکہ میرا تعلق کراچی سے ہے ۔ تو وہاں پر اسلحے کی فروخت کے نتیجے میں جو مشکلات پیدا ہوئی ہیں اس کو ہمارے ایک اور رکن ہیں کراچی سے ' اویس بن لئیق ' وہ اس کو زیادہ اچھے طریقے واضح کریں گے تو میرا مطالبہ مجموعی طور پر یہی ہے کہ یہ اسلحے کے لائسنسز جو اس حکومت نے جاری کیے فی الفورمنسوخ کردیے جائیں اور ازسرنظر ثانی کرکے دوبارہ ان کو ایشو کیا جائے ۔

جناب خطاب گل ، پوائنٹ آف آرڈر سر ۔

جناب ڈپٹی سپیکر ، جی خطاب گل صاحب فرمائیں ۔

جناب خطاب گل ، سر بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ممبر آف اپوزیشن نے جو بات کی کہ وزیر داخلہ سندھ ذوالفقار مرزا صاحب کا ٹرائل کرنا چاہیے اور اس حد تک کہا گیا کہ اس کو جیل بھیجنا چاہیے ۔ میں ان کے علم میں لانا چاہتا ہوں کہ وہ ایک elected member ہیں ۔ ان کی ایک ہسٹری ہے ۔ ان کی politics میں contribution ہے ۔ اور اگر خواہ مخواہ وہ یہ ٹرائل کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں کیوں مشورہ دیتے ہیں ' وہ خود کراچی سے اسلام آباد تشریف لائے ہیں ' سپریم کورٹ بہت قریب ہے ۔ ہم ان کو مشورہ دیں گے کہ Monday کے دن وہ وہاں جائیں اور ان کا جو بھی کیس ہے اور جو evidences آپ کے پاس موجود ہیں وہ آپ ان کو دیں ۔ شکریہ ۔

جناب ڈپٹی سپیکر ، بہت بہت شکریہ ۔

جناب بلال جامعی ، Point of Clarification

جناب ڈپٹی سپیکر ، جی ۔

جناب بلال جامعی ، جناب سپیکر یہ میں نے ایسے بات نہیں کہی ۔ ان کا اپنا بیان ہے کہ میری بڑی دیرینہ خواہش پاکستان توڑنے کی ہے ۔ انہوں نے خود یہ بیان دیا ہے ۔ صدر پاکستان کے جلسے میں کھڑے ہوکر انہوں نے کہا کہ جی میں ملک توڑنا چاہتا ہوں ۔

(مداخلت)

جناب بلال جامعی ، دوسری انہوں نے اچھی بات کی کہ جاکر کورٹ میں کس داخل کرائیں ۔ تو وہ بھی ہوجائے گا جناب سپیکر ' اس میں بھی زیادہ دیر نہیں لگتی ۔ جب وقت آئے گا تو ان کو پتہ چل جائے گا کیونکہ ان کا جو بیان ہے

وہ بہر حال ریکارڈ پر موجود ہے کہ ہم پاکستان توڑنے چلے تھے ۔ اور اس کے بعد جو لائسنسز کے حوالے سے ان کے بیانات ہیں اس حوالے سے ایک بہت اچھی رٹ بن سکتی ہے ۔ اور انشاء اللہ مستقبل میں --

آغا شکیل احمد ، پوائنٹ آف آرڈر سر ۔

جناب ڈپٹی سپیکر ، جی ۔

آغا شکیل احمد ، جناب سپیکر بلال جامعی صاحب کے علم میں میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ اگر وہ یہ prove کر جائیں ، دیکھیں جملہ جو انہوں بولا ہے پاکستان توڑنے کا ۔ اس کے آگے کیا کہا گیا ہے اس کے پیچھے کیا کہا گیا ہے ۔ اپنے interest کی چیز وہاں سے نکال کر اور اسے پیش کرنا ، تو میں یہ اعلان کرتا ہوں اور ادھر announce کرتا ہوں کہ اگر وہ یہ prove کر جائیں آپ کو پتہ کہ یہ جو پیچھے تصویر لگی ہوئی ہے قائد اعظم محمد علی جناح کی اس میں ذوالفقار مرزا صاحب کے والد کی contribution ہے ان کے دوست رہے ہیں اور ان کے ساتھی رہے ہیں ۔ اور جہاں تک مسئلہ ہے کراچی میں اسلحے کا ۔ تیس ہزار اسلحے کے لائسنس ہیں ان لوگوں کو دیے گئے ہیں جن کو پچیس پچیس لاکھ کے اسلحے کے لوگوں کا مقابلہ کرنے کے لئے ۔ کراچی میں کس کو پتہ نہیں کہ اسلحے کی بوریوں کی بوریاں گھروں میں پڑی ہوتی ہیں ۔ ہیں وہ جگہیں گنوا سکتا ہوں آپ کو ۔ آپ سہراب گوٹھ جائیں ، لیاری میں چلے جائیں ، لانڈھی میں چلے جائیں ، نائن زیرو پر چلے جائیں ۔ پی پی کے جو دفتر ہیں ادھر جائیں ، جماعت اسلامی کے جو دفتر ہیں وہاں چلے جائیں ۔ ہر جگہ پر اسلحہ ہے ۔ کراچی میں آپ ایک specific جو چیز ہے اس کو identify کر لیتے ہیں اور میں یہ بات clear کرتا چلوں ، کہ پاکستان اگر توڑنا ہوتا ذوالفقار مرزا صاحب نے ، تو اس دن وہ ستائیس دسمبر کو وہ ٹوٹ چکا

تھا ۔ ایک ورکر کی ڈیتھ الگ بات ہے میں یہ مانتا ہوں ' اس کا contribution ہے ہم اس کو سلام پیش کرتے ہیں ' لیکن لیڈر جو مرے ہیں اس پاکستان کی تاریخ میں وہ تینوں کا تعلق سندھ سے ہے ۔ قائد اعظم محمد علی جناح صاحب سے لیکر بے نظیر بھٹو تک ۔

جناب خضر پرویز، پوائنٹ آف آرڈر ۔

جناب ڈپٹی سپیکر ،جی ۔

جناب خضر پرویز ، سر انہوں نے بات کی ہے میں واپس Resolution کی طرف سب کی view لے کر آنا چاہتا ہوں ۔ کہ we are not talking about Dr Zulfiqar Mirza over here, we are talking about issuance of licence in Pakistan during the present Government and we need to talk about a remedial policy that the Government should come up with in order to avoid such kind of things اور جہاں تک بات ہورہی ہے ہمارے جو پیارے آغا شکیل صاحب نے کہا ہے کہ ادھر گنیں پڑی ہوئی ہیں ادھر بوریاں پڑی ہوئی ہیں اور اسلحہ پڑا ہوا ہے تو ان سے میں request کرتا ہوں اور پوری پارٹی کی طرف سے request ہے کہ پلیز وہ پولیس اور دوسرے اہلکاروں کو بھی بتا دیں تاکہ وہ چھاپہ مار کر جو غیرقانونی اسلحہ پڑا ہوا ہے اس کو confiscate کیا جائے اور وہ ملک کے کام میں لایا جاسکے ۔ بہت شکریہ ۔

آغا شکیل احمد ، جناب سپیکر میرا نام لیکر بات کی گئی ہے تو سر یہ میرے بڑے اچھے دوست بھی ہیں اگر یہ دل پر ہاتھ رکھ کر ایک مسلمان ہونے کے ناطے قسم اٹھالیں کہ وہاں کراچی میں اسلحہ نہیں ہے تو جو بھی سزا وہ دیں گے

وہ مجھے قبول ہے ۔

جناب ڈپٹی سپیکر ، جی خضر حیات صاحب ۔

جناب خضر حیات ۔ سر میں اس پر بالکل صحیح کہتا ہوں کہ یہ بالکل صحیح کہہ رہے ہیں کہ ادھر اسلحہ ہے ۔ میں تو ان کو یہ کہہ رہا ہوں کہ گورنمنٹ کو بتا دیں ۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی سپیکر : پلیز cross discussion سے اجتناب کریں ۔

جناب خضر حیات : Let's talk to what the remedial policy should be جس پر ہم بات کرنا چاہ رہے ہیں ۔ ہم کسی سیاستدان کو pinpoint نہیں کررہے ۔ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا کو pinpoint کرنے کا کوئی ہماری ایسی intention نہیں ہے we are just trying to define our remedial policy towards the Government جو adopt کرنی چاہیے ۔ پلیز اس کی طرف آ جائیں ۔

جناب ڈپٹی سپیکر ، جناب محمد عادل صاحب ۔

جناب محمد عادل ۔ اس میں گزارش یہ ہے کہ ہمیں دل سے نہیں ' ہمیشہ فیصلہ کرتے وقت برین کی طرف بھی جانا چاہیے ۔ ایک تو میں یہ confusion دور کرنا چاہتا ہوں کہ پاکستان کی جو اکثریت ہے وہ ووٹ کاسٹ نہیں کرتی ۔ اگر کوئی ڈاکو ' لٹیرا 'ایسی پوسٹ پر آجائے تو دماغ ہمارا یہ بتاتا ہے کہ یہ آپ اس کی luck کہہ لیں ' کچھ بھی کہہ لیں ۔ مقصد یہ ہے کہ وہ بندہ deserve تو نہیں کرتا تھا لیکن بس وہ آ گیا اور اب اس کو آنے دیں ۔ اب جو میں آپ سے بات کرنے والا ہوں تو ہمیں اس الجھن میں نہیں پڑنا چاہیے ۔ اہمیت کے حوالے سے بات کریں گے ' اسلحے کی importance کے حوالہ سے ۔ تو اس سے انکار کبھی

بھی نہیں کیا جاسکتا ۔ مگر جس چیز کا فائدہ ہوتا ہے اس چیز کے شاید نقصانات جب ہم دیکھتے ہیں تو اس سے کہیں بڑھ کر ہوتے ہیں ۔ جب ہم اسلحہ کی بات کرتے ہیں تو اسلحہ ہمارے پاس اس حد تک ضرور ہونا چاہیے کہ جو ہمارے ذاتی دفاع تک محدود ہو ۔ مگر جو ملک کے حالات ریسرچ کے ذریعے overall environment سے ہمیں انفارمیشن مل رہی ہے وہ یہ ہے کہ ہماری آرمی کے پاس شاید اسلحہ کم پڑ جائے ' ہمارے لوگوں کے پاس اسلحہ بہت زیادہ اکٹھا ہوگیا ہے ۔ اب جو بات ہے کہ environment کو مد نظر رکھتے ہوئے جو لائسنس جاری ہوچکے ہیں ' جو کینسل ہونے چاہیے ان کو تو کینسل کردیا جائے ' پنجاب کے جتنے لائسنس جاری ہوئے ہیں تو یہاں پر کسی کو اسلحے کی کوئی ضرورت نہیں ہے ۔ یہاں پر مکمل طور پر اسلحہ ختم ہوجانا چاہیے ۔ سندھ میں کچھ پارٹیوں کے پاس اتنا بھاری اسلحہ موجود ہے ۔ یا تو ان سے واپس لے لیا جائے ' یا دوسری پارٹیوں کو بھی اسلحہ لینے کا لائسنس جاری کیا جائے ۔ جب ہم باقی دو صوبوں کی بات کرتے ہیں تو وہاں پر سسٹم یہ ہے کہ ہم شاید زمانہ جاہلیت میں چلے گئے ہیں کہ جس کی لاٹھی اس کی بھینس ۔ انڈیا ہمارے ساتھ جنگ شاید اس لئے نہیں کہہ رہا کہ ہمارے پاس بھی اسلحہ ہے ۔ یا تو ان لوگوں کو اتنا پاورفل کردیا جائے کہ جو زمین آسمان کی philosophy کے اندر رہ رہے ہیں یا ان کی فلاسفی کو ایک دوسرے کے equal کردیا جائے ۔ یا اگر یہ بھی ہم نہیں کرسکتے تو کم ازکم اسلحے میں ایک دوسرے کے equal کردیا جائے ۔ کہنے کا مقصد یہ ہے کہ جو بات آخر میں میں کرنا چاہ رہا ہوں جو گزارش ہوگی وہ یہ کہ اسلحہ ہونا چاہیے ۔ ہر عام بندے کے پاس نہیں ہونا چاہیے ' خاص کے پاس ہونا چاہیے اور اس کے پاس بھی اتنا ہونا چاہیے جتنا وہ deserve کرتا ہے ۔ اتنا اسلحہ نہیں ہونا چاہیے کہ وہ اپنا اسلحہ لے کر ' اپنی پارٹی کو strong کرنے کے

لئے ' آپ اگر سسٹم میں دیکھیں تو یونیورسٹیوں میں جو امن کی جگہیں ہیں جہاں امن کا درس دیا جاتا ہے ۔ مدارس جہاں علم کا درس دیا جاتا ہے یہ دو جگہیں تو ایسی بن گئی ہیں ' اب میں یہ define نہیں کروں گا کہ کونسا اسلحہ کس پارٹی کے پاس ہے ۔ مدارس میں جتنا اسلحہ ہے ۔ جتنا اسلحہ یونیورسٹیوں میں ہے شاید سیاستدانوں کے پاس اتنا اسلحہ نہ ہو ۔ بہر حال اگر سیاستدانوں کے پاس بھی اسلحہ ہے تو اتنا ہونا چاہیے کہ وہ اس کو اپنے دفاع کے لئے استعمال کریں ۔ باقی تمام اسلحہ ان سے واپس لے کر ان کو اس میں سزا دیجائے جنہوں نے غیرضروری ہتھکنڈے استعمال کرکے کیوں اس لائسنس کو misuse کیا ۔ وہ تمام اسلحہ حکومت اپنی custody میں کرے thank you very much.

جناب ڈپٹی سپیکر : بہت شکریہ ۔ عادل صاحب ۔ جناب حسن جاوید خان صاحب ۔

جناب حسن جاوید خان : شکریہ جناب سپیکر ۔ میں بات کرنا چاہوں گا پالیسی پر ۔ لائسنس ایشو کرنا یا نہ ایشو کرنا کوئی مسئلہ نہیں ہے ۔ اس سے کوئی یہ ثابت نہیں جائے گا کہ ہتھیار زیادہ ہیں ' کیوں ہیں ' کس لئے بنائے گئے ہیں ۔ یہ سسٹم انگریزوں کا بنایا گیا تھا ۔ اور یہ ابھی تک جاری ہے ۔ اور وقت کا تقاضا یہ ہے کہ انگریز اب لائسنس بنواتے ہی نہیں ہیں ۔ امریکہ میں لائسنس بنائے بغیر آپ جاکر دکان سے ہتھیار خرید سکتے ہیں ۔بات یہ ہے کہ یہ ہتھیار آ کہاں سے رہے ہیں ۔ کون بنا رہا ہے اور کس لئے بنا رہا ہے ۔ ہم یہاں پر نظر ڈالیں گے کہ درہ آدم خیل جو کہ 1979ء وہاں کے لوگ نے ہتھیار بنانا شروع کیے تھے ' افغان وار کی وجہ سے ۔ اب وہاں پر یہ ان کا bread and butter ہے ۔ ٹھیک ہے اب آپ ان کو آپ ختم نہیں کرسکتے ۔ زور و جبر سے ہم ان کو ختم ہی نہیں کرسکتے ۔ ہمیں چاہیے کہ جب یہ

پالیسی بنائی جائے ، جو یہ policy multi ministerial policy formulation
کے تحت بنائی جائے گی تو وہاں پر Interior Ministry کا ایک عملدرآمد ہوگا۔
وہاں پر ڈیفنس منسٹری کا عملدرآمد ہوگا۔ اسے ہمیں regulate کرنا چاہیے۔ ہمیں
واہ آرڈیننس فیکٹری کی subsidiary بنانی چاہیے یہ۔ تاکہ وہاں سے ہمیں
economic benefit بھی ملے۔ وہاں کے لوگوں کو اہمیت دی جائے کہ آپ
illegal نہیں بلکہ legal کام کررہے ہیں۔ ہمیں ٹیکس ملے گا۔ ہم ان کو ذرائع
دیں گے کہ یہ کام صحیح ہے۔ ہمیں یہ سوچنا چاہیے کہ route cause کیا ہیں
بہ نسبت یہ کہ لائسنس بند کردیں۔ لائسنس بند کرنے سے کچھ نہیں ہوگا۔ یہ آپ
لائسنس بنائے بغیر ہتھیار لوگ لے کر گھومتے تھے۔ گھومتے ہیں ، اور رہیں گے۔
آپ اسے زور و جبر سے بند نہیں کرسکتے۔ ہمیں ایک rational policy devise
کرنی چاہیے۔ میں اسی بات پر conclude کروں گا کہ چیئرمین ڈیفنس منسٹری کے
شاید مجھ سے اتفاق کریں کہ اس پر ایک پالیسی بنائی جائے اور ad hoc
member اگر اس میں یہ شامل کرنا چاہیں اپنی discretion پر تو اس میں وہ
ان کی help کرسکیں گے۔ اور سپیکر صاحب اگر آپ ان کو اجازت دیں کہ اگر
اس پر وہ کچھ کہنا چاہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر ، بہت بہت شکریہ۔ ہمارے پاس وقت انتہائی کم ہیں
صرف پانچ سے دس منٹ تک اس Resolution پر مزید بحث ہوسکتی ہے۔

محترمہ انم جاوید چیمہ ، پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر ، جی۔

**Anam Javed Cheema:** I just want to say that Mr Khizar being a previous mover of Women Protection

Resolution should not have used words like ***** and he should apologise to the House. And this is point of order not just on behalf of all the women but also all the people who have little respect for us women.

**Mr Deputy Speaker:** This word ****** should be expunged from the discussion.

جناب محمد عادل : پوائنٹ آف انفارمیشن ۔

جناب ڈپٹی سپیکر : جی فرمائیں ۔

جناب محمد عادل : سر اس میں میں add کرنا چاہوں گا کہ ہم یہ نہیں دیکھیں گے کہ اسلحہ کون بنا رہا ہے ۔ ہم دیکھیں گے کہ اس کو استعمال کون کر رہا ہے ۔ برطانیہ کی example دوں گا وہاں پر ان کی جو سیکیورٹی والے ہیں ان کے پاس ایک چھوٹا سا ڈنڈا ہوتا ہے دوسری بات یہ کہ جو لوگ اپنا دفاع کرنا چاہتے ہیں ان کے پاس ایک چاقو ہوتا ہے ۔ یہاں پر ہیوی اسلحہ وہ بنایا جس نے بھی ہو اس کو چھوڑیں کیا یہ وہ لوگ خود استعمال کر رہے ہیں اگر نہیں کر رہے تو ہمیں بھی اس کو allow نہیں کرنا چاہیے ۔ شکریہ ۔

جناب ڈپٹی سپیکر : اب میں آخر میں شان حسین صاحب سے گزارش کروں گا اور ان کی صحت یابی پر ان کو مبارکباد بھی دیتا ہوں ۔

سید شان حسین نقوی : شکریہ جناب سپیکر کافی ساری باتیں ہوگئیں پہلے تو مجھے یہ کلیئر کرنا پڑے گا کہ جب انہوں نے ٹرائل کا ذکر کیا تھا تو ٹرائل کا مطلب یہ نہیں تھا کہ سزا دے دیں ۔ ٹرائل کا مطلب ہے کہ ان سے پتہ کریں ' اپنے آپ کو کلیئر کریں تو ہم چھوڑ دیں گے ۔ تو ہم ٹانک نہیں رہے ۔ ان کی

عزت ہے ہماری نظر میں ۔ لیکن اگر انہوں نے کوئی بیان اگر دیا ہے اور قابل اعتراض ہے تو ٹرائل ہوگا ۔ کیونکہ عدلیہ آزاد ہے ۔ بھلا وہ پریزیڈنٹ ہو ' یا پرائم منسٹر ہو یا کوئی بھی ہو ۔ دوسری بات میرے دوستوں نے دونوں طرف کے ' سبھی میرے خیال میں خلاف ہیں اس کے ' کیونکہ کوئی بھی شریف آدمی اسلحے کے استعمال پر خوش نہیں ہوگا ۔ کلچر کی بات الگ ہے ۔ کہنے کا مقصد یہ ہے کہ بحث تو اس بات پر ہے کہ لوگوں کو اسلحہ لائسنس بہت مل رہے ہیں مگر جیسے بلال صاحب نے کہا لائسنس بھی دو طرح کے ہیں ایک لائسنس وہ ہے جو گورنمنٹ ایشو کرتی ہے اور ایک لائسنس وہ ہے کہ آپ کسی بھی پولیٹیکل پارٹی کو جوائن کریں آپ کو اسلحہ استعمال کرنے کا لائسنس مل گیا ۔ آپ کو لائسنس کی ضرورت نہیں ہے ۔ آپ کسی پولیٹیکل پارٹی کے ممبر ہیں تو you are free to have any weapon and you know use it round وجہ اس کی کیا ہے ؟ میں اس پر زیادہ بات نہیں کروں گا کیونکہ سارے statisfics دے چکے ہیں خضر صاحب بھی اور بلال صاحب بھی ' مسئلہ سارا یہ ہے کہ ہماری جو law enforcement agencies ہیں وہ ساری politically pressurised ہیں کوئی بھی transparency نہیں ہے ۔ اگر political pressure ان سے ہٹ جائیں تو ساری law enforcement agencies جو ہیں وہ، independently کام کریں without any political pressure تو یہ سارے مسئلے مسائل ' لائسنس ہو یا نہ ہو کوئی اس کا misuse نہیں کرسکتا ۔ لائسنس جو مل رہے ہیں وہ اس لئے مل رہے ہیں کہ پہلی بات تو یہ کہ لائسنس کے بغیر بھی weapons distribute ہو رہے ہیں پولیٹیکل پارٹیز کے ممبران کو ۔ اور لائسنس دونوں طرف اس لئے مل رہے ہیں کہ پولیٹیکل پارٹیز کے اپنے interests شامل ہیں کہ جب پولیٹیکل پارٹیز

کی سٹوڈنٹ یونینز آپس میں conflicts ہوتے ہیں تو وہ انہوں نے use کرنے ہوتے ہیں اپنی سیکورٹی کے لئے ۔ شکریہ ۔

جناب ڈپٹی سپیکر : بہت بہت شکریہ ۔ وقت کم ہے اور بہت سے ممبران بولنا چاہتے ہیں لیکن میں اپنا صوابدیدی اختیار استعمال کرتے ہوئے جب آپ سے کہوں کہ بیٹھ جائیں تو آپ بیٹھ جائیے گا ۔ میں سب سے پہلے موقع دوں گا محترمہ ظل ہما صاحبہ کو ۔

محترمہ ظل ہما : شکریہ جناب سپیکر ۔ میں کچھ strategies دینا چاہوں گی کہ اگر لائسنس ایشو کیا جائے تو کیا mechanism ہونا چاہیےکس کے through وہ ہونا چاہیے ۔ باقی ڈسکشن ' اس کا اثر کیا ہوا وہ تو سب نے بہت کچھ دے دیا ۔ سب سے پہلے میں کہوں گی کہ لائسنس ایشو کرنے کےلئے کوئی computerised طریقہ ہونا چاہیے ۔ نادرا بہت اچھا کام کررہا ہے اس طرح سے کچھ computerised system initiate کرنا چاہیے تاکہ پوری اس کی bio data وغیرہ جس بندے کو لائسنس ایشو کیا جارہا ہے تاکہ سارا bio data record ہو ۔

جناب ڈپٹی سپیکر ، بہت بہت شکریہ ۔ اس کے بعد حسن تسنیم صاحب ۔

جناب حسن تسنیم احمد : شکریہ جناب سپیکر ساری بات تو ہوگئی کہ لائسنس کو کس طرح سے regularise کیا جائے ۔ ایک بات آغا شکیل صاحب نے کہی تھی کہ کراچی میں illegal اسلحہ بہت ہے اور باقی لوگوں کو بھی اسلحہ دے دیا جائے ۔ تو میں ان کو یہ کہوں گا کہ فاٹا میں بھی جب اسلحہ ban نہیں ہے تو پھر پورے پاکستان میں اسلحہ کھلا کردیا جائے ۔ تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ ایک حصے میں اسلحہ لائسنس نہیں چاہیے ہوتا تو پورے پاکستان کو اس پارٹ پر چلا

دیں ۔ بہت شکریہ ۔

جناب ڈپٹی سپیکر : اس کے بعد عبداللہ لکھ صاحب۔ وہ موجود نہیں ہیں ۔ تو منظور شاہ صاحب ۔

جناب عبداللہ لکھ ، جناب سپیکر میں موجود ہوں ۔

جناب ڈپٹی سپیکر ، جی عبداللہ لکھ صاحب ۔

جناب عبداللہ لکھ : جناب سپیکر آپ کی بڑی مہربانی ' ویسے تو بڑی اچھی اچھی باتیں ہوئی ہیں ۔ تو میں ایک دو باتیں کروں گا زیادہ وقت نہیں لوں گا ۔ پہلی بات یہ کہ imply یہ ہورہا ہے کہ لائسنس کی وجہ سے weapons بڑھ رہے ہیں۔ میں صرف ایک بات بتادوں کہ جن لوگوں کو لائسنسز ملے ہیں یا جن کے نام پر ایشو ہوئے ہیں ان کے پاس پہلے سے weapons تھے ۔ یہ نہیں کہ لائسنس جو ایشو ہوئے ہیں اس کی وجہ سے weapons بڑھ رہے ہیں ۔ دوسری بات کہ میرے خیال میں یہ صحیح باتیں ہیں کہ اس سے فساد وغیرہ یہ ساری باتیں لیکن لائسنس کے فائدے بھی بہت ہیں ۔ میں ایک example آپ کو دیتا ہوں کہ let's say اگر ایک بندہ بندوق کا لائسنس ایشو کراتا ہے ۔ راکٹ لانچر کا ۔ تو وہ جو بندہ ہے اس کو ڈر ہوگا کیونکہ وہ رجسٹر ہوجائے گا 'حکومت کو پتہ چل جائے گا کہ اس کے پاس بندوق ہے تو وہ اگلی دفعہ اس کو استعمال کرنے سے گریز کرے گا یا he will fear کہ اگر کیا تو حکومت کو پتہ ہے کہ میرے پاس بندوق ہے ۔اس کے علاوہ میں لانگ ٹرم سلوشن کی بات کروں تو میرے خیال میں -------------جاری

فالوڈ بائی 5A ۔